’’پارلیمنٹ میں سیاسی جماعتوں کے کردار‘‘ کے موضوع پر ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر کانفرنس کا انعقاد

ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار سمیت تمام حق پرست اراکین قومی اسمبلی کی شرکت

نیشنل ڈیموکریٹک انسٹی ٹیوٹ کی کنٹری ڈائریکٹر شیلا فرومین نے حق پرست ارکان پارلیمنٹ کو بریفنگ دی

کراچی ۔۔۔23، جولائی 2008ء۔۔۔’’پارلیمنٹ میں سیاسی جماعتوں کے کردار‘‘ کے موضوع پر آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر ایک کانفرنس ہوئی جس کا اہتمام نیشنل ڈیموکریٹک انسٹی ٹیوٹ (NDI) نے کیا تھا۔کانفرنس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر وقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار سمیت تمام حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے شرکت کی ۔ کانفرنس میں انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے پارلیمنٹ میں سیاسی جماعتوں کے کردار کے حوالے سے حق پرست ارکان کو تفصیلی بریفنگ دی گئی ۔NDI کی کنٹری ڈائریکٹر شیلا فرومین نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ سیاسی جماعتیں پارلیمنٹ میں عوام کی نمائندگی کا حق ادا کررہی ہوتی ہیں اورانہیں پارلیمنٹ میں ہی تمام ایشوز کو باہمی صلاح ومشورے کے حل کرنا چاہیئے ۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ بھی ملک کی بڑی جماعت ہے اورقومی دھارے میں شامل ہے اوراس کا کردار ہمیشہ پارلیمنٹ اورسیاسی جماعتوں کے درمیان عوامی ہی رہا ہے ۔شیلا فرومین نے کہا کہ پارلیمنٹ عوام کے منتخب نمائندوں پر مشتمل ادارہ ہے جو اہم قومی معاملات اور ایشوز پر عوامی خواہشات اورامنگوں کے مطابق فیصلہ کرتی ہے اس لئے تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں پر پارلیمنٹ کا احترام لازم ہے ۔شیلا فرومین نے قومی سیاست میں ایم کیوایم کے ارکان پارلیمنٹ کے مثبت کردار کو بھی سراہا۔

عوام متحدہ اکیڈمی فاؤنڈیشن کے سربراہ راحت اللہ کی صحتیابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن ۔۔23 جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے متحدہ اکیڈمی فاؤنڈیشن کے سربراہ راحت اللہ خان کے ٹریفک حادثہ میں زخمی ہونے پرتشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورکارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ راحت اللہ کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں ۔

پنو عاقل کے کارکن غلام رسول چنہ کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔23 جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پنوں عاقل یونٹ 36 کے کارکن غلام رسول چنہ کی والدہ مائی مول کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے ۔(آمین)

☆☆☆☆☆